سوال

(31) عورتوں کا گھر میں اعتکاف؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورتوں کے متعلق گھر میں اعتکاف کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ جبکہ امہات المومنین نے مسجدوں میں اعتکاف کیا تھا نہ کہ گھر میں، اب مسجدوں میں عورتوں کے لئے انتظام نہیں ہے لہذا گھر میں عورت اعتکاف کرسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آیت کریمہ: (وانتم عاکفون فی المساجد) سے معلوم ہوتا ہے کہ اعتکاف مسجد میں مشروع ہے۔ میرے علم کے مطابق عورتوں کا گھروں میں اعتکاف کرنا، کسی حدیث یا آثارِ صحابہ و تابعین سے ثابت نہیں ہے لہذا راجح یہی ہے کہ عورتیں اپنے گھروں میں اعتکاف نہ کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص154

محدث فتویٰ